© rasailojaraid.com



عینک فریدی

# زبان میری ہے بات ان کی

- ❑ نیٹو کی فوج کو ۹۰ دن میں جانا ہوگا۔ (شیخ رشید)
- ● ۹۰ دن بعض اوقات گیارہ سال پر محیط ہو جاتے ہیں!
- ❑ بخشی خانے کا اہلکار پیسے لے کر ملاقات کراتے ہوئے پکڑا گیا۔ (ایک خبر)
- ● پیسے نہ لے کر ملاقات کراتا تو یہ تعجب کی بات تھی!
- ❑ وزراء نے ہیلی کاپٹروں پر متاثرہ علاقوں کے دورے شروع کر دیئے جس سے مسائل میں اضافہ ہوا۔ (انصار برنی)
- ● ورنہ پروٹوکول اور تصویریں کھنچوانے کا قومی اور فلاحی کام متاثر ہوتا!
- ❑ جہادی تنظیمیں، فوج سے پہلے مدد کو پہنچیں۔ (صدر پرویز مشرف)
- ● جادو وہ جو سر چڑھ کر بولے!
- ❑ مارگلہ کی ناقص تعمیر کے الزام میں تین افراد کے ریڈ وارنٹ۔ انٹرپول سے رابطہ۔ (ایک خبر)
- ● اور پورے ملک کے اوورسیئر، ایس ڈی او، ٹھیکیدار اور ایکسیئن بے شک کھل کھیلتے رہیں۔ کوئی بات نہیں!
- ❑ لاہور، شوہر نے عید کے لیے بچوں کے نئے کپڑے مانگنے پر بیوی کو زہر دے دیا۔ (ایک خبر)
- ● اور غربت کا گراف نیچے آ گیا۔
- ❑ مظفر آباد میں پولیس کا متاثرین پر لاٹھی چارج، متعدد زخمی، کئی گرفتار، چار لڑکیاں اغوا۔ (ایک خبر)
- ● مرے کو مارے شاہ مدار!
- ❑ انسانی حقوق کی یورپی عدالت نے ترکی میں حجاب پر پابندی کے خلاف اپیل مسترد کر دی۔ (ایک خبر)
- ● کہ مسلم اُمّہ کے خلاف، ہم ایک ہیں، ہم ایک ہیں
- ❑ کرزئی نے طالبان کو مفاہمت کی پیشکش کر دی۔ (ایک خبر)
- ● دیا دُکھ بتوں نے تو خدا یاد آیا!

© rasailojaraid.com